صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز منگل مورخہ 04 ستمبر 2012ء بمطابق 16 شوال 1433 ہجری بعد از دوپہر پانچ بجکر چالیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، کرامت اللہ خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ۔

وَاقتُلُوهُم حَیثُ ثَقِفتُمُوهُم وَأَخرِجُوهُم مِّن حَیثُ أَخرَجُوكُم وَالفِتنَةُ أَشَدُّ مِنَ القَتلِ وَلَا تُقٰتِلُوهُم عِندَ المَسجِدِ الحَرَامِ حَتّٰى یُقٰتِلُوكُم فِیهِ فَإِن قٰتَلُوكُم فَاقتُلُوهُم كَذٰلِكَ جَزَآءُ الكٰفِرِینَo فَإِنِ انتَهَوا فَإِنَّ اللّٰهَ غَفُورٌ رَّحِیمٌ۔ صَدَقَ اللّٰهُ العَظِیم۔

(ترجمہ): اور ان کو جہاں پاؤ قتل کر دو اور جہاں سے انہوں نے تم کو نکالا ہے (یعنی مکے سے) وہاں سے تم بھی ان کو نکال دو۔ اور (دین سے گمراہ کرنے کا) فساد قتل و خونریزی سے کہیں بڑھ کر ہے اور جب تک وہ تم سے مسجد محترم (یعنی خانہ کعبہ) کے پاس نہ لڑیں تم بھی وہاں ان سے نہ لڑنا۔ ہاں اگر وہ تم سے لڑیں تو تم ان کو قتل کر ڈالو۔ کافروں کی یہی سزا ہے۔ اور اگر وہ باز آجائیں تو خدا بخشنے والا (اور) رحم کرنے والا ہے۔

و آخِرُ الدَعوَانا أَنِ الحَمدُ لِلّٰہِ رَبِّ العٰلَمِینَ۔

جناب سپیکر: جزاکم اللہ۔

نشانزدہ سوالات اوران کے جوابات

جناب سپیکر: 'کوئسچنز آور': بس یہی ہیں، یہ تو بڑی اچھی بات ہے میاں افتخار صاحب! کہ آج صرف دو تین سوال آپ سے کئے گئے ہیں، آپ کی حکومت سے میرا ہاؤس مطمئن نظر آرہاہے۔ صرف تین سوالات اور وہ بھی مفتی کفایت اللہ صاحب کے خالی آئے ہیں۔ (مداخلت) ہں جی؟ نہیں، آپ In time نہیں دیتے ہیں نا۔ اب دیکھو، مفتی صاحب کی بھر مار ہے، کل بھی آئے تھے اور آج بھی پورا دن مفتی صاحب کا ہے۔ جی مفتی کفایت اللہ صاحب، سوال نمبر ؟ ایک منٹ جی۔ یہ ہمارے ہاؤس میں ایک مہمان آئے ہیں، میں پورے ہاؤس کی طرف سے ارباب عالمگیر خان جو ہمارے کیمونیکیشن منسٹر ہیں، ان کا خیر مقدم کرتا ہوں۔ جی سپلیمنٹری؟ (تالیاں)

مفتی کفایت اللہ: میں بھی عالمگیر خان کو خوش آمدید کہتا ہوں اور ساتھ اپنے 'ہزارہ ایکسپریس وے' کی بھیک بھی مانگتا ہوں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اچھا۔

مفتی کفایت اللہ: وہ 'ہزارہ ایکسپریس وے' کی بھیک بھی ساتھ مانگتا ہوں اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے۔

جناب سپیکر: ہاں بڑی ضروری بات ہے، آج اس پہ کوئی ایک کال اٹینشن نوٹس ہے یا کیا ہے، ایڈجرنمنٹ؟

میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات): جناب سپیکر صاحب، دے چې سړی ته، دے چې سړی ته پخیر راغلے هم وائی نو د ده پکښې څه مطلب وی۔ (قہقہے) د خدائے د پاره خو چا ته پخیر راغلے وایه کنه، لا د وئیلی نه دی او شے ترې غواړي؟

مفتی کفایت اللہ: ذاتی غرض نشته جی۔

جناب سپیکر: یہ میں ارباب صاحب سے گزارش کروں گا کہ وہ۔۔۔۔۔

ملک قاسم خان خٹک: جناب سپیکرا عالمگیر خان د ټولې صوبې ګران قدر میلمه دے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی ملک قاسم خان۔

ملک قاسم خان خٹک: هغه زمونږه د صوبې په مرکز کښې نمائندګی کوی، مونږ ټول ورته خوش آمدید وایو۔

وزیر اطلاعات: جناب سپیکر! ما خو وئیل چې میاګان، خو دا ملایان زمونږ نه سیوا دی جی (قہقہہ)

جناب سپیکر: میں آپ کی طرف سے ارباب عالمگیر صاحب سے گزارش کروں گا کہ وہ کچھ وقفے تک بیٹھیں تاکہ آپ سب کے ساتھ تھوڑا سا وہ شیئر کرینگے، جو مشکلات ان کو ہیں یا جو خوشخبری اگر وہ سنائیں۔ جی مفتی صاحب۔

مفتی کفایت اللہ: شکریہ جی، سوال نمبر ہے جی 54۔

جناب سپیکر: جی جی۔

مفتی کفایت اللہ: لیکن ہمارے وزیر صاحب نہیں ہیں، اس کا جواب کون دے گا؟

جناب سپیکر: وزیر صاحب کی جگہ اور وزیر صاحبان بہت بیٹھے ہیں، دیکھو۔

مفتی کفایت اللہ: ایسا میں نے کوئی وزیر نہیں دیکھا جو اپنے محکمے سے باخبر ہو۔

جناب سپیکر: نہیں، پورا ٹھیک ٹھاک، مکمل تیز اور طرار وزیر شجاع الرحمان، شازی خان صاحب بیٹھے ہیں۔

مفتی کفایت اللہ: نہیں، شازی خان سے نہیں ڈرنا، میں نے ایسا وزیر تو نہیں دیکھا جو اپنے محکمے سے باخبر ہو تو یہ کیسا وزیر ہوگا جو دوسرے کے محکمے سے باخبر ہوگا؟ (قہقہہ)

جناب سپیکر: اچھا، پھر تو وہ اس سے نہیں خبر؟

مفتی کفایت اللہ: آپ کو بھی اندازہ ہے، ہم گزارہ کرتے ہیں۔

جناب سپیکر: چلیں آپ، تو واپس لیتے ہیں، کیا ہے؟

مفتی کفایت اللہ: نہیں یا تو پینڈنگ رکھ لیا جائے یا یہ کہ کوئی آدمی اگر ذمہ داری سے جواب دینا چاہتا ہے۔

جناب سپیکر: ویسے الفاظ بڑے سخت کہے ہیں کہ وزیر صاحب اپنے محکمے سے باخبر نہیں ہے۔

* 54 _ مفتی کفایت اللہ: کیا وزیر ماحولیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) ماحولیاتی آلودگی میں روز بروز اضافہ ہوتا جارہا ہے جس کی وجہ سے کئی قسم کی بیماریاں جنم لے رہی ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو سال 11-2010 کے دوران ماحولیاتی آلودگی پر قابو پانے کیلئے کئے گئے اقدامات کی تفصیل فراہم کی جائے، نیز حکومت کی جانب سے عوام کی آگاہی کیلئے کسی ورکشاپ / سیمینار کا اہتمام کیا گیا ہے، اگر نہیں تو وجوہات بتائی جائیں؟

<u>جناب واجد علی خان (وزیر ماحولیات) (جواب وزیر اطلاعات نے پڑھا)</u>: (الف) جی ہاں۔

(ب) (1) پاکستان ماحولیاتی تحفظ ایکٹ 1997 کے تحت ادارہ تحفظ ماحولیات کے فرائض:

* ماحولیاتی اثرات کا جائزہ Environmental Impact Assessment (EIA)، ابتدائی ماحولیاتی چھان بین Initial Environmental Examination (IEE) پر نظر ثانی کرنا، طریقہ کار وضع کرنا اور رہنمائی کرنا (دفعہ 12)۔

* صنعتوں، شہری آبادیوں اور گاڑیوں سے مائع اور گیس کی صورت میں اخراج کیلئے قومی ماحولیاتی معیار National Environmental Quality Standards (NEQS) کی تیاری، نظر ثانی اور اس کو لاگو کرنا (دفعہ 11)۔

* خطرناک مواد / کوڑا کرکٹ کی نگرانی (دفعہ 14)۔

* گاڑیوں سے نکلنے والے دھوئیں کی نگرانی (دفعہ 15) اب محکمہ ٹرانسپورٹ کو منتقل ہو چکا ہے۔

* ماحولیاتی آلودگی کو ختم کرنے کیلئے سروے، دیکھ بھال اور جانچ پڑتال کیلئے ایک نظام وضع کرنا اور سالانہ ماحولیاتی رپورٹ شائع کرنا۔

* عوام کو ماحولیاتی آلودگی کے سلسلے میں تعلیم اور معلومات فراہم کرنا۔

2۔ سال 11-2010 کے دوران تحفظ ماحولیات کی طرف سے ماحولیاتی آلودگی پر قابو پانے کیلئے کئے گئے اقدامات:

* صنعتوں کی نگرانی پاکستان ماحولیاتی ایکٹ 1997 کے سیکشن 11 کو لاگو کرنے کیلئے باقاعدگی سے کی جاتی ہے اور سیکشن 16 کے تحت اس سیکشن کی خلاف ورزی کرنے والوں کو نوٹس اور ماحولیاتی تحفظ حکم (Environmental Protection Orders) جاری کئے جاتے ہیں۔ اس پر عملدرآمد نہ کرنے والوں کے کیسز تیار کر کے ماحولیاتی عدالت میں بھیجے جاتے ہیں۔ انوائرنمنٹل ٹریبونل کے چیئرپرسن کی

تبدیلی کی وجہ سے 122 کیسز زیر سماعت ہیں جبکہ 60 کیسز عدالت میں جمع کرانے کیلئے تیار پڑے ہیں۔ اس سے پہلے سالوں میں ماحولیاتی عدالت میں 526 کیسز داخل کئے جا چکے تھے جن میں سے 404 کیسز کا فیصلہ ہوا تھا۔

* فضائی آلودگی کی نگرانی کیلئے ادارہ تحفظ ماحولیات کی چھت پر مسلسل فضائی ماحول کی نگرانی کا سٹیشن قائم کیا گیا ہے جو کہ چوبیس گھنٹے نگرانی کرتا ہے اور اس سٹیشن سے حاصل شدہ معلومات کو روزانہ خبر نامہ کے دوران عوام کی آگاہی کیلئے نشر کیا جاتا ہے۔ اسی طرح پشاور میں دو مقامات پر 'ڈیجیٹل ڈسپلے بورڈ' لگائے گئے ہیں اور مندرجہ بالا سٹیشن سے حاصل شدہ معلومات کو انہی 'ڈیجیٹل ڈسپلے بورڈ' کے ذریعے عوام تک پہنچایا جاتا ہے۔

* پاکستان ماحولیاتی ایکٹ 1997 کے سیکشن 12 اور IEE/E/A Regulation 2000 کے تحت تمام ترقیاتی اور غیر ترقیاتی منصوبوں کیلئے ماحولیاتی اثرات کا جائزہ (EIA) اور ابتدائی ماحولیاتی چھان بین (IEE) سے متعلق رپورٹس ادارہ تحفظ ماحولیات میں منظوری کیلئے جمع کی جاتی ہیں۔ ماحولیاتی اثرات کا جائزہ (EIA) رپورٹس کا عمل حکومت کیلئے آمدنی کا ایک ذریعہ ہے اور اس عمل کے ذریعے عوامی صلاح مشورہ سے منصوبے کے منفی اثرات کی تلافی کی جاتی ہے۔ ادارہ تحفظ ماحولیات نے سال 11-2010 کے دوران اب تک 15 ماحولیاتی اثرات کا جائزہ (EIA) اور 16 ابتدائی ماحولیاتی چھان بین (IEE) کی نظر ثانی کی ہے۔

3 سالانہ ترقیاتی پروگرام 11-2010 میں مندرجہ ذیل منصوبے شامل ہیں:

* فشریز سنٹر شیر آباد پشاور میں ادارہ تحفظ ماحولیات کی لیبارٹری کا قیام۔

* پشاور میں صاف صنعتی پیداوار کے مرکز کا قیام۔

* پشاور کے پبلک اور پرائیویٹ سیکٹر میں برقی فضلات کے متعلق فیزیبلٹی سٹڈی اور اس کو محفوظ طریقے سے ٹھکانے لگانے سے متعلق تجاویز۔

* ای پی اے خیبر پختونخوا کے لیگل یونٹ کی استعداد کار میں اضافہ۔

4۔ عوام میں ماحولیاتی آگاہی پروگرام کے تحت مندرجہ ذیل اقدامات کئے گئے ہیں:

* چھاپ شدہ کاغذی مواد، مثلاً پوسٹرز، لیف ہٹ، بیجز، ماحولیاتی کتابچے اور کیلنڈر تیار کئے گئے اور عوام میں تقسیم کئے گئے۔

* چار ماحولیاتی اساتذہ (2 مرد اور 2 خواتین) مختلف تعلیمی اداروں کے دورے کرتے ہیں اور وہاں ماحولیاتی کلب بناتے ہیں۔

* اب تک پشاور میں 32 جبکہ ڈی آئی خان، چارسدہ، صوابی، مردان، کوہاٹ، سوات، ایبٹ آباد اور نوشہرہ کے اضلاع میں پانچ پانچ کلب بنائے جاچکے ہیں۔

* حیات آباد میں کوڑا کرکٹ کو ٹھکانے لگانے کے موضوع پر ایک سیمینار منعقد کیا گیا اور پشاور یونیورسٹی میں قومی ماحولیاتی تغیراتی پالیسی کے موضوع پر ورکشاپ منعقد کی گئی۔

* فائبر گلاس سے بنے ڈسٹ بن اور مختلف اقسام کے پودے نوشہرہ، چارسدہ، ڈی آئی خان، صوابی، سوات اور ایبٹ آباد اضلاع کے سکولوں میں قائم شدہ ماحولیاتی کلب میں تقسیم کئے گئے۔

جناب محمد شجاع خان (وزیر مال): سر! اس طرح ہے کہ ڈیپارٹمنٹ نے بڑا جامع جواب دیا ہے۔

جناب سپیکر: جی شجاع خان۔

وزیر مال: ڈیپارٹمنٹ نے بڑا جامع جواب دیا ہے مفتی صاحب کو اور میرا خیال ہے وہ اس جواب سے مطمئن ہیں۔

جناب سپیکر: اچھا مطمئن لگ رہے ہیں۔

مفتی کفایت اللہ: نہیں جی، نہیں جی۔ میرا ایک سپلیمنٹری سوال ہے کہ اٹھارہویں آئینی ترمیم کے بعد پھر یہ سارے کا سارا محکمہ تو ہمارے صوبے میں آگیا ہے، پھر جس طرح قانون سازی کرنا چاہیئے تھی اس طرح قانون سازی نہیں ہوئی۔ تو اب میں یہ پوچھوں گا وزیر باتدبیر سے کہ آخر آپ کو کیا رکاوٹیں ہیں کہ اسمبلی بھی ہماری ہے، پھر اوپر سے ہمیں اٹھارہویں آئینی ترمیم میں اختیار بھی مل گیا ہے، پھر کیا بات ہے کہ آپ اس کیلئے مکمل قانون سازی نہیں کرتے اور جامع پلان تشکیل نہیں دے رہے ہیں؟

جناب سپیکر: جی آنریبل میاں افتخار حسین صاحب۔

وزیر اطلاعات: بالکل جی۔ دا سې ده جي چې مفتي کفايت صاحب چې دا کومه خبره کوی، زه چونکه د دغې کميټئ خپله چيئرمين وومه او دا ټول مونږه مطلب دے چې Thrash out کړې دی او يقيناً چې چرته چرته د قانون سازئ ضرورت دے، هغه مونږه ټول مطلب دے 'کمپليټ' کړې دی او لا ء والا به په هغې باندې مونږ ته رائے راکوی او بيا به ئے تاسو ته راليږو۔ هغه ډير لوئے کار دے، يؤ محکمه نه ده، يؤ کار نه دے، هغه د ټولو محکمو په بابت کښې اقدامات کول دی، نو چې

اتلسم ترمیم کبنې کوم کوم اختیار مونږ ته راغلے دے نو هغه مونږه تیار کړے دے۔ په هغې کبنې یؤ غټ رکاوټ دا هم وو چې د مرکز د طرف نه هم درخواست شوے وو چې مونږ به په یؤ ځائے باندې د Implement کولو یؤ اعلان کوؤ، د بد قسمتئ نه په هغې کبنې د لوکل باډیز هغه الیکشن، چې د هغې اختلاف راغلو، یؤے صوبې منلو بلې نه منلو، نو دا ټوله خبره په یؤ ځائے د پیکج په شکل کبنې هغوی کول غوښتل نو مونږه تیاری کړې ده او دوئ بالکل ټهیک وائی چې دا صوبې ته چې کوم اختیار راغلے دے، په هغې کبنې چې کوم دے نو په رولز کبنې 'چینجز' راوستل غواړی، قانون سازی کول غواړی او مونږ د خپلې کمیټئ دننه هغه خپل کار سر ته رسولے دے، که خدائے کړے خیر وی لاء والا چې کوم رالیږی نو هغه به تیاریږی او په دې باندې به دا خبره سر ته رسی۔ د هغه زه مشکور یم چې ډیر اهم خبرې ته ئے زمونږ نظر اوګرځولو، نو ر مطمئن دے او دغه کار به مونږه که خدائے کړے وی تر سره کړو۔ زه جی ارباب عالمګیر صاحب ته د زړه د کومی نه اوس پخیر راغلے وایم، بې مطلبه او بې غرضه۔

(تالیاں، قہقہے)

جناب سپیکر: شکریہ۔ بس یہ کوشش کریں کہ لاء ڈیپارٹمنٹ کے تو آنریبل منسٹر صاحب بیٹھے ہیں کہ جتنا جلدی ممکن ہو سکے یہ آجائیں تو اچھی بات ہے جی۔ Again مفتی کفایت اللہ صاحب، سوال نمبر؟

مفتی کفایت اللہ: سوال نمبر 68 جی۔

جناب سپیکر: جی۔

* 68 _ مفتی کفایت اللہ: کیا وزیر صنعت و حرفت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ صوبے میں نئی صنعتیں لگانے کی منظوری یا NOC دیتا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو صوبے میں صنعتوں کی بہتری اور نئی صنعتیں لگانے کیلئے مراعات اور اقدامات کئے گئے ہیں، گزشتہ پانچ سالوں کی سالانہ اوسط صنعت وائز اور ضلع وائز تفصیل فراہم کی جائے اور وفاق سے اجازت لینے کیلئے کتنے کیسوں کی سفارش کی گئی ہے، نیز گزشتہ پانچ سالوں کے دوران وفاق کے پاس کتنے کیس التواء میں پڑے ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب سمیع اللہ خان علیزئی (وزیر صنعت و حرفت): (الف) جی نہیں۔ محکمہ صنعت سے صنعتوں کے قیام کیلئے منظوری یا NOC لینے کی ضرورت نہیں، اسلئے کہ وفاقی حکومت نے صنعتیں لگانے کیلئے NOC

کی شرط ختم کر دی ہے ماسوائے وہ صنعتیں جو کہ کرنسی نوٹوں کی چھپائی، تابکاری مواد، دھماکہ خیز مواد، اسلحہ سازی اور الکحل سے متعلق ہو۔ ان کی منظوری یا NOC وفاقی حکومت کی اجازت سے مشروط ہے۔

(ب) جی ہاں۔ موجودہ حکومت صوبے میں صنعتوں کی بہتری کیلئے وفاقی حکومت سے خصوصی ترغیبات کے حصول کیلئے کوشش کر رہی ہے جس کے نتیجے میں وزیر اعظم پاکستان نے اعلان پشاور میں ان ترغیبات کا اعلان کیا جن میں چیدہ چیدہ ترغیبات ذیل میں دی گئی ہیں:

1۔ دہشت گردی سے زیادہ متاثرہ علاقوں کیلئے مئی تا ستمبر 2009 تک تمام یوٹیلٹی بلز معاف کر دیئے۔

2۔ ٹیکس گوشوارے جمع کرنے کی تاریخ میں 31 جنوری سے 30 جون 2010 تک توسیع دی گئی۔

3۔ ٹیکسوں کو جمع کرنے کی تاریخ میں توسیع دی گئی۔

4۔ دہشت گردی سے زیادہ متاثرہ علاقوں کی ایکسائز ڈیوٹی میں مکمل چھوٹ دی گئی ہے جبکہ نیم متاثرہ علاقوں کو 50% رعایت دی گئی ہے۔

5۔ کاروباری طبقہ کو یوٹیلٹی بلز میں سیلز ٹیکس اور ودہولڈنگ ٹیکس میں چھوٹ دی گئی ہے۔

6۔ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کے فروغ کیلئے کم شرح سود پر قرضے دیئے جائیں گے۔ اس پیکج میں بہتری کیلئے صوبائی حکومت وفاقی حکومت سے رابطے میں ہے۔ اس کے علاوہ SDA اور SIDB موجودہ صنعتی بستیوں میں سہولیات کی فراہمی بہتر بنانے اور نئی بستیوں کے قیام پر کام کر رہے ہیں، نیز صوبائی حکومت نے 06-2005 کے بجٹ میں صنعتی بستیوں میں واقع صنعتوں کو پانچ سال کیلئے پراپرٹی ٹیکس سے مستثنیٰ کر دیا تھا جس میں مزید توسیع کی جارہی ہے جبکہ گزشتہ پانچ سالوں کے دوران صوبے میں چالیس نئے کارخانے لگ گئے ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

گزشتہ پانچ سالوں کے دوران صوبہ خیبر پختونخوا میں بننے والے نئے کارخانوں کی تفصیل

نمبر شمار	کارخانے کا نام	ضلع	نمبر شمار	کارخانے کا نام	ضلع
01	میسرز طیب بیوریجز	پشاور	21	میسرز مجاہد سٹیل پرائیویٹ لمیٹڈ	ہری پور
02	میسرز ہیل فارما	پشاور	22	میسرز اے آر پروسیسنگ انڈسٹری	ہری پور
03	میسرز اوسا کارپوریشن	پشاور	23	میسرز اسلام آباد سٹیل	ہری پور
04	میسرز پرائم فارما	پشاور	24	میسرز جنومن فارما	ہری پور
05	میسرز وود فوڈ	پشاور	25	میسرز ویدر فولڈ فارما	ہری پور

06	میسرز ٹوسٹار میچ	پشاور	26	میسرز نمرہ سٹیل	صوابی
07	میسرز ٹاپ سٹار میچ	پشاور	27	میسرز مروہ سٹیل	صوابی
08	میسرز فرنٹیئر میچ	پشاور	28	میسرز ناظم سٹیل	صوابی
09	میسرز شیر میچ	پشاور	29	میسرز آر جے سٹیل ملز	صوابی
10	میسرز آرے سٹیل ملز	پشاور	30	میسرز جعفر انڈسٹریز	صوابی
11	میسرز انٹرنیشنل پیکجز	پشاور	31	میسرز الفا پائپ	صوابی
12	میسرز وینس میچ	پشاور	32	میسرز تربیلہ سٹیل مل	صوابی
13	میسرز امین فرنیچرز	پشاور	33	میسرز چارمنگ فلور ملز	صوابی
14	میسرز ولی فرنیچرز	پشاور	34	میسرز تربیلہ ماربل	صوابی
15	میسرز سٹی آرمز	پشاور	35	میسرز خالد ماربل	صوابی
16	میسرز رائیل آرمز	پشاور	36	میسرز صوابی ماربل	صوابی
17	میسرز زاہد اینڈ ہارون آرمز	پشاور	37	میسرز اتمان کولڈ سٹوریج	صوابی
18	میسرز پاکستان آرمز انجینئرنگ	پشاور	38	میسرز اے کے کیمیکل انڈسٹری	صوابی
19	میسرز نیو پشاور فلور ملز	پشاور	39	میسرز رحمان سلک	صوابی
20	میسرز پولی انڈسٹری	ہری پور	40	میسرز ولید ماربل	صوابی

مزید یہ کہ حکومت کی پالیسی ہے کہ وہ خود کارخانے نہیں لگاتی بلکہ نجی شعبہ کی حوصلہ افزائی کرتی ہے۔اس سلسلے میں وفاق سے کیس کی سفارش نہیں کی گئی اور نہ کوئی کیس زیر التواء ہے۔

Mr. Speaker: Ji, any supplementary?

مفتی کفایت اللہ: میں اگلے سوال میں یہ سپلیمنٹری سوال کروں گا۔ وزیر صاحب چونکہ بالکل نئے ہیں تو میں ان کے احترام میں اطمینان کا اظہار کرتا ہوں۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر!اس میں میرا ایک ضمنی سوال ہے۔

جناب سپیکر: جی آنریبل منور خان صاحب۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: سر، مفتی صاحب نے پوچھا ہے کہ آیا یہ درست ہے کہ محکمہ صوبے میں نئی صنعتیں لگانے کی منظوری یا NOC دیتا ہے؟ تو جواب میں انہوں نے کہا ہے کہ 'جی نہیں' لیکن سر،

میں ایک گزارش کروں گا کہ چار مہینے سے میں نے Application دی ہے شوگر انڈسٹری ڈی آئی خان میں، بنوں شوگر مل کے نام پر دوسری لگانے کی لیکن چار مہینے سے میری وہ Application ادھر ادھر چل رہی ہے۔ انڈسٹری ڈیپارٹمنٹ نے، ایریگیشن ڈیپارٹمنٹ نے Opinion دی ہے کہ وہاں پر اتنا پانی ہے کہ آپ نئی انڈسٹری لگالیں، پتہ نہیں چیف سیکرٹری صاحب بار بار اس پر Objections لگاتے ہیں۔ تو آیا یہ درست ہے کہ نہیں؟ جب NOC کی ضرورت ہی نہیں ہے تو سر، مجھے کم از کم وہ لکھ دیں کہ ہاں بھئی آپ لگا سکتے ہیں، NOC کی ضرورت نہیں ہے۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: ذرا سن لیتے ہیں نا۔

<u>جناب منور خان ایڈوکیٹ</u>: میں آپ کی وساطت سے سر کم از کم یہ کہتا ہوں کہ آپ چیف سیکرٹری سے یا ان کو کہیں کہ مجھے وہ NOC جلدی جاری کریں سر۔ تھینک یو سر۔

<u>جناب محمد زمین خان</u>: جناب سپیکر!

<u>جناب سپیکر</u>: جی زمین خان صاحب۔

<u>جناب محمد زمین خان</u>: ډیره مهربانی جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، دا جواب خو یقیناً چې ډیر دلچسپ دے ځکه چې په دیکښې چې دا کوم جواب دوئ ورکوی چې یره مونږه NOC نه ورکوؤ نو دا خو زما خیال دے چې د دې قوم ډیره لویه المیه ده ځکه چې انډسټری لګی نو پکار دا ده چې د حکومت داسې قانون وے یا که نه وی، نو پکار ده چې محکمه اوس داسې قانون راوړی چې یوُ انډسټری په کوم ځائے کښې لګی نو چې د هغې Social impact اوکتلے شی، د هغې ایګریکلچر باندې، د هغې په اکنامی باندې، د هغې Environmental impact د اوکتلے شی ځکه چې لګوی داسې خو که انډسټری پریښودلې شی او هر سړے راځی او انډسټری لګوی نو دا خو به دا قوم چې کوم دے د ډیرې تباهئ سره مخامخ شی۔ نو زما په خیال اول خو پکار ده، دا زما په خیال لاعلمی ده چې قانون به داسې وی، وائی چې NOC به نه ورکوئ او که فرض کړه نه وی نو قانون سازی د وکړی۔ ډیره مهربانی۔

<u>Mr. Speaker</u>: Ji honourable Minister for Industries, please.

<u>جناب سمیع اللہ خان علیزئی (وزیر صنعت و حرفت)</u>: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ سر، یہ بالکل درست ہے کہ وفاقی حکومت نے کہا ہے کہ NOC وغیرہ کی ضرورت نہیں ہے بھئی، صوبہ نہیں دیتا لیکن

وزیر صاحب نے جس طرح، ان کا مسئلہ ہے تو ہم اور آپ بیٹھ جائیں گے اور جہاں بھی کہیں مشکل آ رہی ہے انہیں، تو میں انہیں ان شاءاللہ تعالیٰ Facilitate لازمی کروں گا جی۔

<u>جناب منور خان ایڈوکیٹ</u>: سر! انڈسٹری ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے کوئی پرابلم نہیں ہے، سر، ایریگیشن ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے کوئی پرابلم نہیں ہے، ایگریکلچر ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے مجھے کوئی پرابلم نہیں ہے، انہوں نے اپنی جو Opinion، Remarks دیئے ہیں کہ وہاں پر اتنا پانی ہے کیونکہ پانی کا مسئلہ ہوتا ہے زیادہ سے زیادہ، تو انہوں نے رپورٹ دی ہے کہ وہاں پر کافی مقدار میں پانی ہے تو اس کو NOC دے دیں۔ پتہ نہیں چیف سیکرٹری صاحب ابھی تک NOC ایشو نہیں کر رہا سر۔

<u>جناب سپیکر</u>: یہ پانی کی انڈسٹری بنا رہے ہیں، کیا بنا رہے ہیں؟

<u>جناب منور خان ایڈوکیٹ</u>: نہیں نہیں، شوگر انڈسٹری سر، شوگر کی۔

<u>جناب سپیکر</u>: شوگر انڈسٹری۔

<u>جناب منور خان ایڈوکیٹ</u>: شوگر مل کی۔

<u>جناب سپیکر</u>: تو ایسا کریں، آپ ان کے ساتھ بیٹھ جائیں، انہوں نے تو 'آفر' دی ہے۔

<u>جناب منور خان ایڈوکیٹ</u>: نہیں نہیں، انہوں نے تو ہمیں دی ہے سر، ان کو تو کوئی Objection نہیں ہے لیکن یہ Forward کرتے ہیں چیف سیکرٹری صاحب کو، اب چیف سیکرٹری صاحب کے پاس پڑی ہے، پتہ نہیں کیوں؟۔۔۔۔

<u>وزیر اطلاعات</u>: جناب سپیکر!

<u>جناب منور خان ایڈوکیٹ</u>: سپیکر صاحب!۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: ودریږه لږ۔ جی میاں افتخار حسین صاحب۔

<u>وزیر اطلاعات</u>: بالکل جی۔ داسې ده چې د انډسټرۍ د ډیپارټمنټ نه هم دوئ مطمئن دی، د نورو محکمو نه هم مطمئن دی۔ مونږه غواړو هم چې په دې صوبه کښې کارخانې اولګی، انډسټری د اولګی، نه پوهیږم چې دا رکاوټ به ولې وی؟ مونږه بالکل دوئ ویلکم کوؤ او ګورو چې دوئ ته څه هم مشکل دے، رکاوټ دے چې د حکومت په سطح وی، هغه به لرې کوؤ ځکه چې زمونږه خو هغه شته انډسټری هم ختمه شوه۔ داسې خلقو ته خو مونږ خوشحالیږو، سهولت ورکوؤ

چې هر رنګه رکاوټ وی، بالکل که د چیف سیکرټری په حواله وی، که په نوره حواله وی، هغه به لرې کوؤ او چې د دوئ دا کار تر سره شی۔

جناب سپیکر: تهینک یو، تهینک یو میاں صاحب۔ اوشو، شکریه جی۔ مفتی کفایت اللہ صاحب Again، سوال نمبر جی؟

مفتی کفایت اللہ: 69۔

جناب سپیکر: جی۔

* 69 _ مفتی کفایت اللہ: کیا وزیر صنعت و حرفت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) صوبہ بھر میں مختلف قسم کے صنعتی زونز قائم ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) صوبہ بھر میں کتنے صنعتی زونز ہیں اور کہاں کہاں قائم ہیں، اس سے وابسطہ ملازم پیشہ افراد کی تعداد کیا ہے اور ماہانہ کتنی تنخواہ لیتے ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؛

(ii) صوبہ میں اس وقت کتنے صنعتی یونٹس بند ہیں، اس کی وجوہات کیا ہیں، نیز حکومت مذکورہ بند یونٹس کو بحال کرنے کیلئے اقدامات کر رہی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب سمیع اللہ خان علیزئی (وزیر صنعت و حرفت): (الف) جی ہاں۔

(ب) (i) چھوٹی صنعتوں کے ترقیاتی ادارہ (SIDB) نے صوبہ خیبر پختونخوا میں دس مختلف مقامات پر صنعتی زونز قائم کئے ہیں جن میں پشاور، ڈی آئی خان، مردان، بنوں، کوہاٹ، کرک، مانسہرہ، ایبٹ آباد، کھلابٹ اور چارسدہ شامل ہیں۔ ان صنعتی زونز میں تقریباً 4704 ملازم پیشہ افراد کی وابستگی پرائیویٹ کارخانوں میں ہے جو کہ اپنے ہنر اور تجربے کے مطابق تقریباً سات تا بیس ہزار روپے یا اس سے بھی زیادہ ماہانہ تنخواہ وصول کرتے ہیں، جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

صنعتی زون	ملازم پیشہ افراد کی تعداد
ایس آئی ڈی بی، سمال انڈسٹریل اسٹیٹ پشاور	2000
ایس آئی ڈی بی، سمال انڈسٹریل اسٹیٹ مردان	1600
ایس آئی ڈی بی، سمال انڈسٹریل اسٹیٹ کوہاٹ	80
ایس آئی ڈی بی، سمال انڈسٹریل اسٹیٹ بنوں	300

ایس آئی ڈی بی، سمال انڈسٹریل اسٹیٹ مانسہرہ	109
ایس آئی ڈی بی، سمال انڈسٹریل اسٹیٹ ایبٹ آباد	250
ایس آئی ڈی بی، سمال انڈسٹریل اسٹیٹ ڈی آئی خان	150
ایس آئی ڈی بی، سمال انڈسٹریل اسٹیٹ کھلابٹ	15
ایس آئی ڈی بی، سمال انڈسٹریل اسٹیٹ کرک	(غیر فعال)
ایس آئی ڈی بی، سمال انڈسٹریل اسٹیٹ چارسدہ	(غیر فعال)

سرحد ترقیاتی ادارہ خیبر پختونخوا نے صوبے میں درج ذیل صنعتی زونز/ بستیاں قائم کی ہیں:

صنعتی زون	ملازم پیشہ افراد کی تعداد
صنعتی زون بستی، پشاور	15825
صنعتی زون بستی، گدون امازئی	14450
صنعتی زون بستی، حطار ہری پور	15649
صنعتی زون بستی، نوشہرہ	
صنعتی زون بستی، ایکسپورٹ پروسیسنگ زون رسالپور	----
صنعتی زون بستی، ڈی آئی خان	(غیر فعال)
صنعتی زون بستی، غازی	(غیر فعال)

صنعتی بستیوں میں ملازمین کی کم سے کم تنخواہ سات ہزار روپے ماہانہ رکھی گئی ہے جو کہ موجودہ حکومتی پالیسی کے مطابق ہے۔

(ii) SIDB کے سمال انڈسٹریل اسٹیٹس میں کل بند کارخانوں کی تعداد تقریباً 99 ہے۔ زیادہ تر کارخانے بینک 'ڈیفالٹر' ہونے کی وجہ سے بند ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ ملکی لاء اینڈ آرڈر کی موجودہ خراب صورتحال بھی ایک وجہ ہے۔ خیبر پختونخوا حکومت نے صوبے میں بند کارخانوں کو فعال بنانے کیلئے ایک کمیٹی 'سمیڈا' چیف کی سربراہی میں بنائی ہے جس نے اپنا کام شروع کر دیا ہے۔ جمرود انڈسٹریل اسٹیٹ پشاور میں کمیٹی نے کارخانوں کے مسائل حل کر کے اپنا کام شروع کر دیا ہے۔ کمیٹی نے دوسرے کارخانہ داروں سے رابطے شروع کر دیئے ہیں اور ان شاء اللہ بہت جلد دوسرے کارخانوں کے مسائل حل کر دیئے جائیں گے اور اسی طرح بہت جلد بند کارخانوں کو فعال بنا دیا جائے گا۔

بند کارخانوں کی تفصیل درج ذیل ہے:

صنعتی زون بستی	تعداد
ایس آئی ڈی بی، سمال انڈسٹریل اسٹیٹ، پشاور	04
ایس آئی ڈی بی، سمال انڈسٹریل اسٹیٹ، مردان	15
ایس آئی ڈی بی، سمال انڈسٹریل اسٹیٹ، کوہاٹ	06
ایس آئی ڈی بی، سمال انڈسٹریل اسٹیٹ، بنوں	17
ایس آئی ڈی بی، سمال انڈسٹریل اسٹیٹ، مانسہرہ	14
ایس آئی ڈی بی، سمال انڈسٹریل سٹیٹ، ایبٹ آباد	10
ایس آئی ڈی بی، سمال انڈسٹریل اسٹیٹ، ڈی آئی خان	20
ایس آئی ڈی بی، سمال انڈسٹریل اسٹیٹ، کھلابٹ	13
ایس آئی ڈی بی، سمال انڈسٹریل اسٹیٹ، چارسدہ	(غیر فعال)
ایس آئی ڈی بی، سمال انڈسٹریل اسٹیٹ، کرک	(غیر فعال)

سرحد ترقیاتی ادارہ کے خیبر پختونخوا میں بند صنعتی یونٹس کی تعداد درج ذیل ہے:

صنعتی زون/بستی	تعداد
صنعتی زون / بستی پشاور	67
صنعتی زون / بستی گدون امازئی	128
صنعتی زون / بستی حطار ہری پور	82
صنعتی زون / بستی نوشہرہ	03
صنعتی زون / بستی ایکسپورٹ پروسسنگ زون رسالپور	05

انڈسٹریل یونٹس بند ہونے کی وجوہات: صوبہ میں بند صنعتی یونٹس کی وجوہات درج ذیل ہیں:
صنعتی بستی گدون امازئی میں زیادہ تر یونٹس انسینٹیو پیکج (SRO-517) کے ختم ہونے پر بند ہوئے ہیں:

1۔ سرمائے کے حصول میں مشکلات
2۔ اشیاء کی بہتر مارکیٹنگ کی کمی
3۔ انتظامی امور

4۔ کاروبار کرنے کی صلاحیت کی کمی

5۔ ہنر مند افراد کی کمی

6۔ امن وامان کی صورتحال

سرحد ترقیاتی ادارہ کی انتظامیہ بند صنعتی یونٹوں کو چالو کرنے کیلئے ان کارخانہ داروں سے مسلسل رابطے میں ہے۔

Mr. Speaker: Any supplementary?

مفتی کفایت اللہ: اس میں گزارش ہے جی، ہماری حکومت نے یہ طے کیا تھا کہ سات ہزار سے کم کہیں بھی تنخواہ نہیں ہوگی لیکن ہمیں یہ شکایت ہے کہ بہت سارے ایسے انسٹی ٹیوٹس ہیں کہ وہ سات ہزار سے کم تنخواہ دیتے ہیں، تو جہاں وہ انسانیت کے ساتھ ظلم ہے، تو ساتھ ساتھ وہ وفاقی حکومت کی Violation بھی ہے۔ تو میں نے ان سے یہ پوچھا تھا کہ اس طرح کی کوئی آپ کے پاس شکایات آئی ہیں؟ تو انہوں نے اس کا مناسب جواب نہیں دیا اور ہمارا تو مسئلہ یہ ہوتا ہے کہ یہاں وزیر صاحب جواب دہ ہوتا ہے اور اصل ٹارگٹ تو ڈیپارٹمنٹ ہے، یعنی پہلے اگر احمد حسین شاہ صاحب تھے تو بھی ڈیپارٹمنٹ کو جواب دینا تھا اور آج اگر علیزئی صاحب ہیں تو بھی ڈیپارٹمنٹ کو جواب دینا ہے، وہ ڈیپارٹمنٹ اس طرح کے ٹیکنیکل جواب میں اپنے آپ کو چھپا لیتا ہے۔ میری گزارش یہ ہے کہ وہ بیچارہ مزدور جو آٹھ گھنٹے ڈیوٹی کرتا ہے، اس کو اگر سات ہزار یا چھ ہزار جو اعلان شدہ تنخواہ ہے، اس سے کم اگر تنخواہ ملتی ہے تو پھر آپ کی کیا Responsibility ہے؟ تو اگر وزیر صاحب مطمئن کر دیں تو مہربانی ہوگی۔

Mr. Speaker: Ji honourable Minister for Industries.

جناب سمیع اللہ خان علیزئی (وزیر صنعت و حرفت): سر!

جناب عبدالستار خان: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: ایک منٹ آپ بیٹھ جائیں۔ جی ملک صاحب، ستار خان۔

وزیر صنعت و حرفت: سر! میں مفتی صاحب کو یقین دلاتا ہوں کہ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ایک منٹ، ذرا دوسرا بھی آجائے تو دونوں کو، جی ستار خان۔

جناب عبدالستار خان: جناب سپیکر، اس میں میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ ہمارے صوبے میں جو بیمار صنعتیں ہیں، ان کی Revival کیلئے ہمارے وزیر اعظم صاحب، جناب یوسف رضا گیلانی جب پشاور آئے

تو ایک پیکج کا اعلان کیا تھا، تو ان کی بحالی کیلئے جو پیکج انہوں نے دیا تھا، اس کی Implementation آج مطلب ہے کس حد تک ہو گئی ہے؟ اس سے ایوان کو مطلع کریں۔

Mr. Speaker: Ji honourable Minister for Industries, please.

وزیر صنعت و حرفت: میں سب سے پہلے تو مفتی صاحب کو یہ یقین دلاتا ہوں کہ اگر کہیں سے بھی ایسی شکایت موصول ہوئی، انہیں موصول ہوئی ہے یا کسی بھی اور آنریبل ممبر کو موصول ہوئی ہے کہ جس میں سات ہزار سے یا اعلان شدہ تنخواہ سے کم کہیں مل رہی ہے تو ان شاء اللہ تعالیٰ ہم اس پہ سخت سے سخت ایکشن لیں گے اور یہ دوسرے میرے بھائی نے جو سوال کیا، اسی میں اس کا جواب بھی ہے کہ وزیر اعظم صاحب جب آئے تھے، انہوں نے کچھ ترغیبات کا اعلان کیا تھا، جس میں کہ یوٹیلٹی بلز وغیرہ کی معافی تھی، ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی تاریخ میں انہوں نے توسیع کی تھی کہ ٹیکس جمع کرانے کی، اس میں توسیع انہوں نے کی تھی اور اسی طرح دہشت گردی سے متاثرہ علاقوں کو بھی انہوں نے اس سے استثنیٰ قرار دیا تھا، ٹیکس سے، تو ان شاء اللہ تعالیٰ اس کے اوپر بھی ہم لگے ہوئے ہیں جی، تھینک یو۔

ڈاکٹر فائزہ بی بی رشید: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: ڈاکٹر فائزہ رشید۔

ڈاکٹر فائزہ بی بی رشید: جناب سپیکر صاحب، میں اس سلسلے میں اپنے معزز منسٹر صاحب کو یہ مشورہ دینا چاہونگی کہ اٹھارہویں ترمیم سے پہلے فیڈرل گورنمنٹ جو تھی، وہ یہ لاء بنا رہی تھی، بعد میں یہ جو منسٹری ہے لیبر منسٹری، یہ Devolve ہو گئی کہ جتنے بھی ورکرز ہیں، جو انڈسٹریز میں کام کرتے ہیں، ان کو Bound کیا جائے، ان کیلئے لیجسلیشن کی جائے کہ ان کو بینک کے ذریعے اور چیک کے ذریعے ان کی Salary ملے کیونکہ جب بھی ہم انڈسٹریز کا وزٹ کرتے ہیں تو جب وہ اپنی Salary لیتے ہیں تو ادھر تو وہ لوگ جو کارخانہ دار ہیں، وہ اپنے پورے Seven thousand ہی Mention کرتے ہیں جبکہ ان کے ہاتھوں میں Salary صرف Four thousand پہنچتی ہے تو اس کیلئے اب چونکہ ہم صوبے میں یہ لاء بنا سکتے ہیں کہ خیبر بینک کے ذریعے یا کسی اور بینک کے ذریعے ان کو گھروں میں چیکوں کے ذریعے وہ ملے، اس طرح نہ تو وہ ٹیکس چھپا سکیں گے اور ورکرز کو بھی ان کی Salary پوری ملے گی۔ تھینک یو۔

Mr Speaker: Ji honourable Minister for Industries, please.

وزیر صنعت و حرفت: جی ہاں، یہ آنریبل ممبر نے ایک بہت ہی اچھا اور Valid point اٹھایا ہے اور انشاء اللہ تعالیٰ اس پہ مل بیٹھ کے اور اسے ان شاء اللہ تعالیٰ لاگو کرنا چاہیئے، یہ صوبے کیلئے بہت بہتر ہے جی۔

جناب سپیکر: یہ جو آپ نے ٹیکسوں کی بات کی، یہ پوری مکمل چھوٹ دی گئی تھی، پوری چھوٹ ہے، سارے ٹیکس معاف ہیں؟

وزیر صنعت و حرفت: جو Flood hit areas تھے سر، اور اس وقت فلڈ کا جو ٹائم تھا تو یہ چھوٹ جو تھی اس کیلئے دی گئی تھی سر۔

جناب سپیکر: اچھا۔ جی آنریبل شاہ حسین خان، سوال نمبر؟

جناب شاہ حسین خان: سوال نمبر 70 جی۔

جناب سپیکر: ہں جی؟

جناب شاہ حسین خان: سوال نمبر 70۔

جناب سپیکر: جی۔

* 70 _ جناب شاہ حسین خان: کیا وزیر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) محکمہ صوبے میں غیر قانونی گاڑیاں تحویل میں لیتا ہے جو کہ سرکار کے پاس امانت ہوتی ہیں اور عدالتی فیصلے میں غیر قانونی قرار دینے کے بعد ان گاڑیوں کو نیلام کیا جاتا ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ محکمہ مذکورہ گاڑیوں کو مختلف اداروں کو سپرداری پر دیتا ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) گزشتہ چار سالوں کے دوران کتنی گاڑیاں تحویل میں لی گئی ہیں، ان کی قسم، ماڈل، تاریخ تحویل اور کس کے زیر استعمال تھیں، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؛

(ii) گزشتہ چار سالوں کے دوران کتنی گاڑیاں سپرداری پر دی گئیں، ان کی قسم، ماڈل، تاریخ سپرداری، نقل حکم سپرداری، نقل درخواست اور جن افراد اور اداروں کو دی گئیں، ان کے ناموں کی تفصیل فراہم کی جائے؛

(iii) حکومت غیر متعلقہ افراد کو گاڑیاں دینے، امانت میں خیانت کرنے والے اہلکاروں/افسران کے خلاف کارروائی کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، نیز اس سلسلے میں کوئی نئی اصلاحات لانے کا ارادہ ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب لیاقت علی شباب (وزیر آبکاری و محاصل): (الف) محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن گاڑیوں کو نیلام نہیں کرتا بلکہ قابل نیلام ضبط شدہ گاڑیوں کو محکمہ انتظامیہ کے سپرد کرتا ہے۔

(ب) جی نہیں، محکمہ ہذا کے پاس سپرداری کا اختیار نہیں ہے۔

(ج) (i) گزشتہ چار سالوں کے دوران 658 گاڑیاں پکڑی گئیں۔اگر معزز اراکین اسمبلی میں سے کوئی بھی تفصیل دیکھنا چاہے تو پوری تفصیل محکمہ ہذا کے پاس موجود ہے۔

(ii) سپرداری کا اختیار محکمہ کے پاس نہیں، اسلئے کوئی گاڑی سپرداری پر نہیں دی گئی ہے۔

(iii) الاٹ شدہ گاڑیوں کا کیس پشاور ہائی کورٹ میں زیر سماعت ہے۔

جناب سپیکر: سپلیمنٹری سوال؟

جناب شاہ حسین خان: جی، او په پرونئ ایجنډا کښې خو جی دیکښې څه جواب نه وو، Reply نه وه راغلې خو شکر دے چې د شپې شپې دا جوابات نازل شو۔ زما ضمنی سوال دا دے دیکښې جی چې د دې په (ج) جز کښې ما تپوس کړے دے چې "اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو (i) گزشتہ چار سالوں کے دوران کتنی گاڑیاں تحویل میں لی گئیں، ان کی قسم، ماڈل، نمبر، تاریخ تحویل اور کس کے زیر استعمال تھیں؟" په جواب کښې دوئ وائی چې "گزشتہ چار سالوں کے دوران 658 گاڑیاں پکڑی گئیں۔اگر معزز اراکین اسمبلی میں سے کوئی بھی تفصیل دیکھنا چاہے تو پوری تفصیل محکمہ ہذا کے پاس موجود ہے" ضمنی سوال مې دا دے چې 'محکمہ ہذا' نه خو مونږ دا تفصیل دلته کښې راویستل غوښتل چې دا ټول معزز ایوان په دې باندې پوهه شی، اوس به د دې ځائے نه هر ایم پی اے ځی د تفصیل د پاره د محکمې دفتر ته، هغلته نه به تفصیل راوړی ځان له بیل او دلته کښې دا د دې هاؤس پرا پرټی ده، دلته کښی ئے دا ونه ښودلو مونږ ته، مونږ نه ئے پټ کړو جی۔

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی مفتی کفایت اللہ صاحب۔

مفتی کفایت اللہ: یہ جی جواب (ج) اور جز نمبر (ii)، "گزشتہ چار سالوں کے دوران کتنی گاڑیاں سپرداری پر دی گئیں، ان کی قسم، ماڈل، تاریخ سپرداری، نقل حکم سپرداری، نقل درخواست اور جن افراد اور اداروں کو دی گئیں، ان کے ناموں کی تفصیل فراہم کی جائے؟" انہوں نے یہاں بھی تفصیل نہیں دی، جناب سپیکر، یہاں بھی تفصیل نہیں دی اور اوپر ایک معزز رکن کہہ رہا ہے کہ مکمل تفصیل فراہم کی جائے

اور جواب میں ہمارا سیکرٹری صاحب یہ بتارہا ہے کہ اگر معزز اراکین اسمبلی میں سے کوئی تفصیل دیکھنا چاہے، تو ہم میں سے تو ہر آدمی دیکھنا چاہتا ہے، اس کا طریقہ کار تو یہی ہے کہ ہم سوال کرتے ہیں اور وہ ٹھیک 'فگر' کے ساتھ ہمیں جواب دیتے ہیں، اس سے محکمے کی وہ کارکردگی معلوم ہو جاتی ہے لیکن یہاں تو انہوں نے جواب دینے سے انکار کیا ہے۔ آپ عبدالاکبر خان کو ذرا متوجہ کرائیں کہ کیا کوئی ایسا رول ہے کہ اگر کوئی سیکرٹری جواب نہیں دینا چاہتا اور اس طرح کی معذرت یا ٹال مٹول کرنا چاہتا ہے تو اس کی کیا سزا ہو گی؟

جناب سپیکر: جی آنریبل منسٹر، ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن۔ عبدالاکبر خان! رولز آپ سے مانگ رہے ہیں، سوال ان سے کر رہے ہیں، رولز آپ سے مانگ رہے ہیں، یہ کیا ہوا؟ بہت بڑا نمبر لگ گیا ہے۔

جناب عبدالاکبر خان: کیا سر؟

جناب سپیکر: مفتی کفایت اللہ صاحب کے اچھے ریمارکس تھے آپ کے بارے میں، نہیں سنا؟

جناب عبدالاکبر خان: Thank you very much ji، میں نے نہیں سنا ہے جی۔

وزیر آبکاری و محاصل: شکریہ، جناب سپیکر۔ سب سے پہلے تو میں اپنے معزز دوست شاہ حسین صاحب اور قابل احترام مفتی کفایت اللہ صاحب کا مشکور ہوں اور کوئسچنز لائے اسلئے جاتے ہیں تاکہ اس کی تفصیل تمام august House کے سامنے پیش ہو۔ چونکہ یہ کوئسچن مجھے خود لیٹ ملا تھا، میری کچھ مجبوری تھی، میں آفس Attend نہیں کر سکا تو اس کوئسچن سے میں خود بھی مطمئن نہیں ہوں جی، (تالیاں) اور تھوڑی سی میری گزارش ہو گی معزز ایوان سے کہ بعض کوئسچنز تو جی، ایک کوئسچن آجاتا ہے لیکن اس کا اگر آپ Estimate نکالیں تو اس پہ تقریباً جو تفصیل معزز ممبر نے مانگی ہے تو اس کی تقریباً تین لاکھ کاپیاں بنیں گی اور تین لاکھ روپے تقریباً اس پہ Government exchequer کا فنڈ لگے گا، تو میری گزارش یہ ہے کہ کم از کم اس قسم کے سوالات جس میں اتنے بڑے اور پھر اس میں ٹائم بھی کافی لگے گا جی، اگر ڈیپارٹمنٹ نے بھی اس میں تھوڑی سستی کی ہے تو جس طرح معزز ممبر نے اس میں پوری تفصیل مانگی ہے کہ جناب ماڈل کونسا ہے، نمبر کیا ہے، تحویل کی تاریخ کونسی ہے اور کس کے پاس ہے؟ تو اس پہ کافی ٹائم لگے گا لیکن میں پھر بھی اپنے معزز دوستوں کو ان شاءاللہ یقین دلاتا ہوں کہ ان کو بھی ایک ایک کاپی پوری مل جائے گی اور چار چھ کاپیاں مزید بھی ہم ہاؤس کو دے دینگے کہ جو معزز دوست دیکھنا چاہتے ہیں اور اسے چیک کرنا چاہتے ہیں تو کر لیں، انشاءاللہ جلد از جلد ان کو کاپیاں بھی مل جائیں گی پوری تفصیل کی اور اسمبلی

سیکر ٹریٹ میں بھی ہم چار پانچ کاپیاں اضافی دے دینگے اور اگر آپ آرڈر کرتے ہیں کہ نہیں جی تمام ہاؤس کو یہ کاپیاں مل جانی چاہیئں تو اس کیلئے میری ریکویسٹ ہو گی کہ اس کیلئے آپ تھوڑا ٹائم دیں تو تمام معزز ممبران کو اس کی کاپیاں مل جائیں گی۔

<u>جناب سپیکر</u>: نہیں یہ چار پانچ کاپیاں کافی ہیں۔

<u>جناب کشور کمار</u>: جناب! صرف 658 گاڑیاں پکڑی گئی ہیں، یہ تین لاکھ کس طرح سر؟ سر، 658 گاڑیاں پکڑی گئی ہیں، 658 پہ تین لاکھ کا خرچہ کیسے آئے گا؟ یہ کوئی بات ہضم ہونے والی نہیں ہے۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی شاہ حسین صاحب۔

<u>جناب شاہ حسین خان</u>: دا سې ده جی، ډیره بنائسته خبره هغوی وکړله، د محکمې غلطی هم هغوی تسلیم کړله، د دې نه وروستو چې په دې باندی خبره کوؤ، هغه بیا جائز نه ده جی۔ بس ټهیک ده کاپیانې به راوړی، یؤ کاپی به تاسو له او یؤ به محرک له او یؤ دوه درې کاپیانې نورې په دې هاؤس کښې به تقسیم کړی۔ دا بنائسته خبره ئے کړې ده جی، بس دے نور پرې زیات دغه نه کوؤ۔ مهربانی۔

<u>حاجی قلندر خان لودھی</u>: پوائنٹ آف آرڈر سر!

<u>جناب سپیکر</u>: ایک منٹ جی، ذرا یہ ہاؤس 'کمپلیٹ' ہو جائے۔

اراکین کی رخصت

<u>جناب سپیکر</u>: اچھا، ان معزز اراکین نے رخصت کیلئے درخواستیں ارسال کی ہیں جن میں: فضل اللہ صاحب 04-09 کیلئے؛ سعیدہ بتول صاحبہ پورے اجلاس کیلئے؛ وجیہہ الزمان صاحب 04-09؛ راجہ فیصل زمان صاحب 04-09، ستارہ ایاز بی بی 04-09۔ Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

<u>Mr. Speaker</u>: The leave is granted.

رسمی کارروائی

(تحصیل تناول کو ضلع کا درجہ دینا)

<u>جناب سپیکر</u>: جی لودھی صاحب۔

حاجی قلندر خان لودھی: آپ کی وساطت سے ایک بہت ہی اہم مسئلے کی طرف گورنمنٹ کی توجہ چاہونگا اور ساتھ میرے بہت ہی معزز وفاقی منسٹر ارباب عالمگیر صاحب بھی آئے ہوئے ہیں، وہ بھی سنیں گے جی۔ جناب سپیکر، میں مشکور ہوں گورنمنٹ کا کہ میرے ہزارہ ڈویژن میں اس نے ایک اضافی ڈسٹرکٹ، کالا ڈھاکہ کو ڈسٹرکٹ کا درجہ دیکر اس کو تور غر کا نام دیا۔ جناب سپیکر، آجکل ایک دوسرا کوئی نوٹیفیکیشن گورنمنٹ چاہ رہی ہے جس کے متعلق ہمارے بڑے Delegations بھی ملے ہیں، کمشنر سے بھی، ڈی سی او سے بھی ملے ہیں اور لوگوں نے بڑی ہڑتالیں بھی کی ہیں اور میں نے خود 5 تاریخ کو، جب 11 تاریخ کو چیف منسٹر صاحب جارہے تھے، دربند کو اپنے جلسے کیلئے، تو میں ان سے ملا تھا۔ جناب سپیکر، ہم چاہتے ہیں کہ جتنے مرضی آپ ضلعے بنائیں، صوبے میں بنائیں، ہزارہ ڈویژن میں بنائیں، ہم خوش ہیں جناب سپیکر، اگر 'اپر' تناول کو یا اس کے ساتھ کوئی حصہ ملا کے تناول ضلع کا نام اس کو دیتے ہیں تو ہم اس کی مخالفت نہیں کرتے لیکن اس میں میری چھ یونین کونسلز ہیں جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، آپ جس جگہ جاتے ہیں گورنمنٹ فرنٹیئر ہاؤس میں، اس کیساتھ سامنے دیکھیں، وہ میری 'پاوا' یونین کونسل ہے، وہ اس ہاؤس سے تقریباً آدھا کلومیٹر ہے اور میری چھ یونین کونسلوں کو، اس طرح چمار یاں یونین کونسل، یہ اوپر جو 'بیریل' ہے، اس کا شیروان 'بیریل ہے'، Shimla Hill کا 'بیریل' ہے، یہ چمہٹی میں آتا ہے تو اگر میری یہ چھ یونین کونسلز اٹھا کے ڈیڑھ سو کلومیٹر لساں ٹکراراجو اس کا ہیڈ کوارٹر بنے گا، اس کو لگادیں گے تو میرے لوگ یہاں سے مانسہرہ، مانسہرہ سے پھر اوگی اور اوگی سے پھر وہ ادھر جائیں گے تو یہ میرے لئے تو، ان لوگوں کو نہ Acceptable ہے، نہ ہمیں Acceptable ہے، نہ میرے لوگوں کو ہے۔ چھ یونین کونسلیں نہیں ملنا چاہتیں اور ڈی سی او نے بھی دے دیا ہے کہ یہ بالکل کسی طرح Feasible ہی نہیں ہے۔ یہ ان چھ یونین کونسلوں کو ہم وہاں ملائیں اور ان کے لوگ بہت بڑی تعداد میں، بہت بڑی گاڑیوں کا جلسہ اور پورا انہوں نے ایبٹ آباد کو بلاک کر دیا تھا اور اس کی ایشورنس دی تھی ڈی سی او صاحب نے اور میں نے بھی ان سب کو مطمئن کیا کہ کچھ نہیں ہو رہا اور میں مشکور ہوں جناب چیف منسٹر صاحب کا کہ جب میں 5 تاریخ کو ان سے ملا تو انہوں نے کہا کہ انشاء اللہ گورنمنٹ وہ کام کرے گی جو لوگوں کے مفاد میں ہوگا اور ہم لوگوں کو کبھی بھی Hurt نہیں کریں گے۔ جب یہ وہاں گئے تو انہوں نے وہاں دربند میں اپنی تقریر میں کہا کہ یہ نومبر میں جا کے ہماری مردم شماری 'کمپلیٹ' ہوگی اور اس کے بعد ہم اس کے متعلق کوئی سوچیں گے، اس وقت نہیں۔ مجھے سمجھ نہیں آئی کہ آج ایس ایم بی آر کے دفتر میں وہ کاغذات گھوم رہے ہیں اور لوگ بڑی چاہت

سے اس کے پیچھے لگے ہوئے ہیں اور اس میں میری چھ یونین کونسلز جو ڈسٹرکٹ ایبٹ آباد کا حصہ ہیں اور وہ حصہ رہیں گی اور وہ وہاں سے نہیں جا سکتے، نہ ان لوگوں کو کسی قسم کا کوئی فائدہ ہے، نہ ہی وہ لوگ چاہ رہے ہیں۔ تو یہ Tension، نئی Tension ہزارہ میں شروع نہ کی جائے اور گورنمنٹ وہ کام کرے، اس کو ریاست والے، اگر اس کو ریاست، جو ہم دربند کی ریاستی وارڈ کو ڈسٹرکٹ بنانا چاہتے ہیں، بھلے بنائیں لیکن ہمارے ایبٹ آباد کے حصے کو، میری یونین کونسل کو کاٹ کر چھ یونین کونسلوں کو وہاں لے جائیں گے تو یہ کسی طرح سے Acceptable نہیں ہے۔

<u>جناب سپیکر:</u> میاں افتخار حسین صاحب۔ گورنمنٹ کا سنتے ہیں اس پہ۔

<u>قاضی محمد اسد خان (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم):</u> سر، میرا بھی ایک پوائنٹ ہے اس میں۔

<u>جناب سپیکر:</u> ہں جی؟

<u>وزیر برائے اعلیٰ تعلیم:</u> سر ایک پوائنٹ ہے۔

<u>جناب سپیکر:</u> ایک پوائنٹ، جی قاضی اسد صاحب۔

<u>Minister for Higher Education</u>: Thank you, Sir.

<u>جناب سپیکر:</u> یہ اتنا بڑا مسئلہ کسی موشن پہ آپ لاتے تو گورنمنٹ سے ہم Written جواب مانگتے، ابھی یہ ہوا میں چلا جائے گا، پھر بھی خیر قاضی صاحب۔

<u>وزیر برائے اعلیٰ تعلیم:</u> سر، میرا بھی یہی کہنے کا مقصد تھا کہ جو Proposed تناول ضلع ہے، اس میں سر، ہری پور کے ساتھ بالکل Adjacent دو یونین کونسلز ہیں، ایک ہے پنڈ ہاشم خان اور دوسری ہے سرائے نعمت خان، یہ تقریباً چودہ کلومیٹر Maximum، جو آخری حصہ ہے سرائے نعمت خان کا، وہ ہری پور شہر سے چودہ کلومیٹر دور ہے، وہ سارے لوگ بہت بڑی تعداد میں میرے پاس آئے تھے اور انہوں نے کہا تھا جی کہ ہم خوش ہیں کہ تناول کے علاقے میں ان لوگوں کو، تنولیوں کو اپنا ضلع ملے، ہم انہیں مبارکباد پیش کرتے ہیں لیکن ہمیں ہری پور ضلع Suit کرتا ہے اور ہم تناول ضلع کا حصہ نہیں بننا چاہتے، تو میاں صاحب میرے خیال میں جب بات کریں گے، بتا دیں گے کسی کو فورس نہیں کیا جائے گا، تو اپنی General constituents کیلئے میں بھی ان کے حوالے سے یہ آواز اٹھا رہا ہوں کہ جو ہماری دو یونین کونسلز ہیں، ان کو ہم زور سے کہیں شامل نہیں کریں گے۔

<u>جناب سپیکر:</u> جناب آنریبل میاں افتخار حسین صاحب۔

<u>میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات):</u> جی جناب، یہی بات۔۔۔۔۔

الحاج حبیب الرحمان تنولی: سر! ایک منٹ۔۔۔۔۔

وزیر اطلاعات: نہیں آپ بھی سوال کریں گے؟

الحاج حبیب الرحمان تنولی: نہیں سوال نہیں کرتا، ایک بات کرتا ہوں۔

وزیر اطلاعات: تو میں آپ کی خواہشات کا۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ بات ایسی ہے، میاں صاحب! آپ بیٹھ جائیں، میرے خیال میں میں یہ ایجنڈا نمٹالوں پھر اس کی بعد آپ بولتے رہیں۔

الحاج حبیب الرحمان تنولی: سر! اس کے بارے میں بات کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: ہں جی، نہیں میں وزیر صاحب کو بٹھا رہا ہوں کہ اس پر بات ہی نہ کریں تو آپ۔۔۔۔۔

الحاج حبیب الرحمان تنولی: سر! بس ایک منٹ دے دیں۔

جناب سپیکر: یہ Out of agenda items، لودھی صاحب بڑے ہیں، بزرگ ہیں۔

الحاج حبیب الرحمان تنولی: اس سے متعلق بات کرتا ہوں سر، بس ایک منٹ دے دیں۔

جناب سپیکر: پریږده جي دے هم واورو نو جی،او بیا دا مفتی صاحب به څوک قلاروی؟

الحاج حبیب الرحمان تنولی: جناب سپیکر، بڑی مہربانی۔ لودھی صاحب نے جو اپنا مؤقف بیان کیا اور پھر قاضی اسد صاحب نے، ضلع تناول ہمارا مطالبہ تھا جو Ultimately موجودہ حکومت نے اس کو تسلیم کیا اور جس دن اس ضلع کا اعلان ہوا، 11 جولائی کو جناب چیف منسٹر صاحب میرے حلقے میں تشریف لے گئے اور انہوں نے بڑی 'کوالیفائیڈ' تقریر کی، انہوں نے یہ فرمایا تھا کہ ضلع تناول بنے گا اور اس بارے میں اس میں کسی پر زور نہیں کیا جائے گا، جو علاقے شامل نہیں ہونا چاہتے، ان پر زبردستی نہیں ٹھونسی جائے گی، اسلئے مجھے یقین ہے کہ جو بات انہوں نے کی ہے، اس پر عملدرآمد ہوگا اور ہری پور کی یونین کونسلز یا ایبٹ آباد میں جو نہ چاہنے والی یونین کونسلز ہیں، ان کو شامل نہیں کیا جائے گا۔ تھینک یو جی۔

جناب سپیکر: جی آنریبل میاں افتخار حسین صاحب۔

وزیر اطلاعات: جناب سپیکر صاحب، جس طرح آپ نے یہ سوال اٹھایا ہے، یہی میں بھی پوچھنا چاہ رہا تھا کہ پوائنٹ آف آرڈر پہ اتنا اہم ایشو اٹھایا گیا، پھر بھی جواب دینا پڑتا ہے۔ وہاں پہ ایک غلط فہمی ہے اور اس کو لوگ سیاسی طور پہ بھی استعمال کرنا چاہ رہے ہیں۔ ہم نے جو اعلان کیا، بڑا واضح ہے، جو ڈیمانڈ ہے، وہ بہت

